# کشتہ گئودنتی






## علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ

چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی





علم سنیاس و کشتہ سازی گروپ



حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی





Free Tibi Nayab Books



ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

ڈاکٹر سید ایم۔این۔اے کاظمی

حکیم سید اعجاز حسین



چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی

حکیم خضر عباس

صلاح الدین منصوری انڈیا

حکیم عبدالمتین

ڈاکٹر حکیم عبدالسلام فرام جوہر آباد

حکیم قیوم خان





ڈاکٹر حکیم محمد شاہد ریاض جوہر آبادی

# کشتہ گئودنتی

1 چھٹانک گئودنتی کو کنوار گندل میں رکھ کر کپڑے سے لپیٹ دیں اور ڈیڑھ گھنٹہ اپلوں کی آگ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ برامد ہوگا۔ کھرل کرلیں۔ ہر طرح کے بخار، نزلہ زکام، کیرہ بلغم وغیرہ کیلیے اکسیر ہے۔ مقدار خوراک چوتھائی چمچ دن میں 2 سے 3 مرتبہ۔

# کشتہ گئودنتی

دس تولا گوٗدنتی باریک کھرل کریں۔ دس تولا آب لیموں تھوڑا تھوڑا ڈالکر کھرل کرتے جائیں۔ پھر کچھ ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں۔ نکلے ہوئے لیموں کے چھلکے کا نغدا بنا کر اس میں رکھ کر بارہ کلو اپلوں کی آگ دیں۔ پیس کر نگاہ رکھین۔

## خوراک

ایک رتی



## فوائد

موسمی بخار ونوبتی بخار کے لیئے لاجواب ہے۔

آمریت

## کشتہ گودنتی

گودنتی 500 گرام کو ایک کلو برگ مدار میں 20 کلو کی آگ دے پر نکال کر ایک کلو برگ مدار کے نغدے میں 20 کلو کی آگ دے اکسیری گودنتی تیار ہے مقدار

### خوراک

ایک رتی سے دو رتی صبح شام نیم گرم دودھ کے ساتھ

جسمانی درد واور موسمی بخاروں کے لئے

عامل حکیم عاصم رانا سانگھڑ سندھ

## کشتہ گئودنتی اکسیری

گئودنتی ایک پاؤ۔

اجوائن دیسی ایک پاؤ۔

گلو خشک ایک پاؤ۔

نوشادر ٹھیکری ایک پاؤ۔

شب یمانی سفید خام ایک پاؤ۔

گئودنتی کے علاوہ باقی سب ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنا کر مکس کریں اور لعاب گھیکوار کی مدد سے نغدہ بنا کر کوزہ گلی روغنی میں آدھا نغدہ رکھیں اوپر گئودنتی رکھیں اوپر باقی نغدہ رکھ کر ڈھکن بند کر کے مضبوط گل حکمت کر کے خشک کر کے چھ کلو کوئلہ کے درمیان رکھ کر محفوظ الھوا مقام پہ آنچ دیں۔

## مقدار خوراک

ایک رتی سے دو رتی تک گلو اور اجوائن دیسی کے خیساندے کے ساتھ صبح ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے اسیطرح عصر کے وقت۔پندرہ دن سے زیادہ استعمال نہ کریں کیونکہ اس کی پھر ضرورت باقی نہیں رہتی اور اگر بغیر ضرورت روٹی کھایا جائے وہ بھی وبال

جان بن جاتی ہے۔بنائیں استعمال کروائیں اور مجھ ناچیز وکم علم کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## فوائد

ٹائیفائڈ اور ملیریا کے جراثیم کو دس پندرہ دن میں نیست ونابود کر دیتی ہے عام بخاروں تھکن اور جسمانی دردوں کو دو تین خوراکوں سے ختم کر دیتی ہی۔

جو عرصہ دراز سے معمول مطب ہے

## نوٹ

دوران استعمال یہ کشتہ روٹی اور تمام ٹھوس چیزوں کا استعمال ممنوع ہے گنے کا جوس۔ گاجر کا جوس۔ کچی لسی۔ دودھ۔ وغیرہ بہ موافقت مزاج استعمال کرنا چاہیے۔

**حکیم جمیل احمد پیر سباقی۔**

## کشتہ گئودنتی

گئودنتی آدھاکلولیکررات کوکوئلوں کے درمیان رکھیں صبح پیسک ہوچکاہوگا کھرل کرکے برگ دھریک کاایک پاؤپانی جذب کرائیں جب ٹکیہ بننے کی قابل ہوجائے تو ٹکیاں بناکربرگ بکائن دوکلومثل چٹنی بناکراس کانغدہ بنائیں اوراس کے درمیان گئودنتی کی ٹکیاں رکھیں اور گلحکمت کرکے تیس کلوکی آگ دیں۔پھرنکال کرآدھاکلو آب دھماسہ جذب کرواکرٹکیاں بنائیں اوردوکلودھماسہ کوٹ کرایک کلونیچے رکھکر اوپرٹکیاں مذکورہ رکھکرباقی ایک کلودھماسہ رکھکردبادیں اور گلحکمت کرکے تیس کلو کی آگ دیں۔اسیطرح آدھاکلوبرگ وکچی کونپل گلوکے مقطرپانی کی مددسے ٹکیاں بنائیں اوربرگ گلووسبزشاخ گلودوکلوکانغدہ بناکرگلحکمت کرکے تیس سے پینتیس کلو کی محفوظ الہوامقام پہ آگ دیں۔پھرٹھنڈاہونے پرنکال کرکھرل کھریں اورشیشی میں محفوظ رکھیں۔

## مقدارخوراک

250ملی گرام سے 500ملی گرام تک ہمراہ مناسب بدرقات۔

## فوائد

ہر قسم بخار کو منٹوں میں اتار دیتا۔ تپ محرقہ کے لیئے صرف دس دن کھلائیں اور پھر ٹسٹ کروائیں اور خدا کا شکر ادا کریں اور مجھ ناچیز کو نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔ بے حد مصفی خون بھی ہے۔ میں اکثر صافی شربت کو بطور بدرقہ استعمال کرواتا ہوں گرمی دانے۔ خارش پھوڑے پھنسیاں ختم کر دیتی ہے۔ چھوٹے بچوں کو شربت عناب کے ساتھ ادھی رتی سے ایک رتی تک استعمال کروائیں۔

**حکیم جمیل احمد پیر سباقی۔**

## کشتہ گئودنتی

گئودنتی اتولہ

لسی چاٹی کی کھٹی 4لیٹر

میں سالم ڈلی گئودنتی کی ڈالکر آگ پر پکائیں

لسی پک کر گاڑھی ہونے پر آگ بند کر دیں اور گئودنتی کی سالم ڈلی نکال کر کاٹن کے کڑے سے صاف کر لیں۔

پختہ کھرل میں 2 گھنٹے مثل غبار کرلیں۔

## خوراک

ارتی مکھن میں رکھکر صبح اور رات سونے سے پہلے ہمراہ نیم گرم دودھ کھلائیں۔

## فوائد

بخار ٹائیفائڈ میں اکسیر ہے۔ اللہ شفاء دینے والا ہے۔

**سید ممتاز حسین گیلانی رحمت اللہ علیہ کا مجرب ہے۔**

## کشتہ گئودنتی برائے امساک احتلام جریان بخار میں

اکسیر اعظم ہے

گئودنتی 1 پاو. برگ بھنگ 1 کلو کو نغدہ کرے درمیان گئودنتی دیکر 20 سیر اوپلوں کی آگ دیں. جو بھی نکلے نغدہ سمت کھرل میں ڈالکر باریک کریں اور آب بھنگ آدھا کلو سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں نغدہ بھنگ آدھا کلو میں دیکر 20 سیر کی آگ دیں. سرد ہونے پر ٹکیہ نکل لیں. اس ٹکیہ کو ایک پاو آب بھنگ سے کھرل

کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر 1 من کی آگ دیں دوا تیار ہے..... کھرل کر کے محفوظ رکھیں

## مقدار خوراک

1 رتی سے 3 رتی تک ہمراہ دودھ مکھن وغیرہ مسلسل 21 روز دیں

حکیم جی المعروف پنجابی حکیم

## کشتہ گودنتی,ورقیہ

گودنتی کو کوٹ کر باریک کر کے

شیر مدار ڈالیں کے تر ہو جاے

اگر اتنا شیر مدار میسر نا ہو تو مدار کے پھول یا جڑ یا پتے لے کر نغدہ بنائیں اور گودنتی رکھ کر آگ دیں شیر مدار والا بہتر ہے

شیر مدار سے تر کر کے کجی میں پانچ کلو آگ دیں

اگر نغدہ میں دینی ہے تو دس کلو آگ دیں

اب گودنتی باریک پیس کر برتن میں ڈالیں درمیان ورقیہ دو تولہ رکھیں اور برتن کو

گیس والے چولہے پر رکھیں اور درمیانی آگ جلائیں

تین سے چار گھنٹے بعد نکالیں

ورقیہ نیم قائم چرخ شدہ مالٹا رنگ نکلے گی پیس کر ورقیہ کے برابر وہی گودنتی کشتہ ملا کر

خوب کھرل کریں

ایک رتی روزانہ دودھ سے

کیسا ہی بخار ہو پہلی خوراک ہی اثر کرتی ہے

**نوٹ**

ایک دوست کے کہنے پر شنگرف لیموں کے ایک گلاس پانی میں ڈول جنتر کر کے پکایا

اور پیس کر برابر وزن اس نسخہ میں شامل کیا اور رزلٹ سو فیصد ہو گیا

وزن شنگرف دو تولہ ورقیہ گودنتی والی دو تولہ اور کشتہ گودنتی شیر مدار والا دو تولہ

پیس کر ملا لے

چھوٹے بڑے کو بلا خوف دیں

بنا نبض و مزاج دیں

انشااللہ کام کرے گا

**حکیم ضیاء احمد خان**

## گئودنتی مرکب

50 گرام گئودنتی لیکر اس کو توے پر رکھیں اس میں پر ایک ایک چمچ آب لیموں مقطر ڈالیں جب گئودنتی سوختہ یعنی آسانی سے پسنے کے قابل ہو جائے تو بس کریں

اب اس گئودنتی میں سے

25 گرام گئودنتی

10 گرام سم الفار سفید



دونوں کو الگ الگ کھرل کر کے پھر مکس کریں

ایک ایک قطرہ آب لیموں مقطر سے کھرل کریں اس طرح

50ایم ایل آب لیموں جذب کریں اب اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر خشک کریں

بعد خشک ہونے پر توے پر رکھیں اس کے اوپر چینی مٹی کا پیالہ دیں

پیالہ کی سائڈوں کو آٹے سے بند کریں جب آٹا نیم خشک ہو جائے تو آگ پر رکھیں

آگ بلکل ہلکی ہو پیالہ کے اوپر گیلا کپڑا رکھیں جب کپڑا خشک ہو تو دوبارہ گیلا کپڑا

رکھیں اس طرح ایک گھنٹہ تک عمل کرتے رہیں بعد مکمل ہونے پر سرد کر کے

احتیاط کے ساتھ پیالہ کو کھولیں اوپر جوہر ہو گا کھرچ کر نیچے والی دوا میں مکس کر کے

دوبارہ آب لیموں مقطر سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے اسی طرح دوبارہ

جوہر حاصل کریں اس طرح سات بار جدید عمل کریں

7 عمل مکمل ہونے پر تمام مواد کو کھرل کر کے رکھیں

اس تیار جوہر میں سے

3 گرام جوھر

3 گرام فلفل سیاہ

3 گرام لوبان کوڑیہ

3 گرام عقر قرحہ

3 گرام لونگ


3 گرام شمع

سب کا الگ الگ باریک سفوف بنا کر شہد کی مدد سے

سیاہ مرچ برابر گولیاں بنالیجیے

ایک سے دو گولی بعد از غذا دودھ سے استعمال کریں

**فوائد**



قوت باہ



دمہ

بلغم

کھانسی

نزلہ

زکام

نزلہ زکام کی وجہ سے ہونے والے بخاروں کے لیے اکسیر ہے

ایک سے دو گولی دو گھنٹہ قبل از جماع امساک پیدا کرتا ہے

**عبدالکریم آزاد**

## کشتہ گاؤدنتی



گاؤدنتی عمدہ=500 گرام

پھٹکڑی سفید=500 گرام

دونوں کو الگ الگ کوٹ کر یکجا کر کے ایک کوزہ میں ڈال کر منہ بند کر کے گلحکمت کی ضرورت نہیں 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ سفید تیار ہو گا

## خوراک

4 رتی تا 1 ماشہ جسم درد و بخار کے لیے چائے کیساتھ

ٹائیفائیڈ، تپ دق، ٹی بی کے لیے گلو، اجوائن گری بادام، کالی مرچ، ریوند خطائی کے قہوے یا خسیاندے سے

جریان، سیلان، کے لیے مکھن یا بلائی کے ساتھ پیچش کے لیے موچرس 5 گرام دہی میں ڈال کر کھلائیں

بواسیر خونی، نکسیر، یا کثرت حیض کے لیے، کچی لسی یا شربت انجبار سے دیں نزلہ زکام کے لیے لونگ کے قہوے سے دیں

## فوائد

بخار ہر قسم تپدق، ملیریا، ٹی بی، نزلہ، زکام، جریان، سیلان الرحم، جسم درد، تھکاوٹ، ٹانگوں کادرد، نکسیر، کثرت طمث، خونی بواسیر، وغیرہ میں میرا معمول مطب ھے

سیداعجاز حسین گیلانی

## کشتہ گاوٗدنتی

برگ مہندی ------ برگ نیم ----- برگ بکائن ------ ھر ایک 5 تولہ کوکوٹ کر نگدہ بناکر درمیان میں دو تولے گاوٗدنتی رکھ کر دوکلو اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ھوگی

## خوراک

ایک رتی خونی بواسیر اور سوزاک کیلئے ازحد مفید ھے۔ خون کے جوش کو کم کرنے میں موٗثر ھے خون روکنے کے لیے تریاق ھے۔ خون خواہ کسی جگہ سے بھی نکل رھا ھو اگر طباشیر ---- سبوس اسبغول۔ ---- بیخ انجبار ----- کے ہمراہ

کھاکر اگر شربت انار اور شربت نیلوفر پئیں تو اس قدر فائی دہ ھوتا ھے کہ اسے تریاق

نزف الدم کہنا بجا ھوگا مکھن کے ھمراہ استعمال کریں

**حکیم محمد شمعون**

## کشتہ گاوٗدنتی

### ھوالشافی

گاوٗدنتی = 1 پاوٗ

مغز کرنجوہ آدھا کلو

مغز کرنجوہ کوٹ کر نیم کے جوشاندہ سے نگدہ بنا کر نگدہ کے اندر گاوٗدنتی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے رکھ کر کجی کا منہ بند کر کے 20 کلو کی آگ دیں سفید کشتہ ھوگا

### خوراک

4 رتی تا 1 ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ

## فوائد

بخار، بواسیر، شوگر کے لیے از حد مفید ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

# کشتہ گاؤدنتی

## ھوالشافی

گاؤدنتی = 1 پاؤ

کچلہ 1 پاؤ لے کر گائے کے دودھ میں بھگو دیں روزانہ دودھ بدل دیا کریں جب کچلے نرم ھو جائیں تو چھیل کر کوٹ لیں اس میں گودا کنوار کندل ملا کر گولہ سا بنا لیں اس گولے میں گاؤدنتی کے ٹکڑے رکھ کر کجی کا منہ بند کر کے 20،25، سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ھو گا

## خوراک

3، رتی ہمرا دودھ کھانے کے بعد

## فوائد

جوڑوں کا درد، اعصابی درد، کمر درد اور قوت باہ کے لیے مفید ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

# کشتہ گاؤدنتی

کشتہ ہڑتال گاودنتی پانچ تولے گاودنتی لیں اور دس تولے مین پھل لیں مین پھل کو دس تولے شیر مدار سے کھرل کر کے نغدہ بنائیں اور اس کے درمیان پانچ تولے گاودنتی رکھ کر گلحکمت کر کے خشک ہونے پر چار کلو اپلون کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں سفید پھلہ ھو جاتا ھے

## خوراک

مقدار چار چاول سے ایک رتی شہد میں ملا کر چٹائیں

## فوائد

بلغمی کھانسی نزلہ زکام بلغمی دمہ بخار اور ریحائی دردون اور ٹھنڈ لگنے میں مفید ہے



## ملک غلام محمد شاکر اچشریف

## کشتہ گاوٗدنتی

گاوٗدنتی سوختہ ایک پاوٗ

نیم کے پانی میں کھرل کر کے

ایک کلو نیم کے نغدے میں رکھکر کجی میں گلحکمت کر کے

20 کلو اوپلوں کی آگ دیں


سفید کشتہ برآمد ہو گا

### فوائد

ملیریا بخار. اور گلے سڑے پھوڑے پھنسیاں اور زخموں کی بہترین دوا ہے

### مقدار خوراک

ایک رتی خوراک ہمراہ پانی



گلے سڑے زخموں پر سفوف چھڑک دیں چند دنوں میں زخم بلکل ٹھیک ہو جاتے ہیں

حکیم قاری محمد عمر

## کشتہ گودنتی

گودنتی آدھاکلو

گودہ گھیکوار دیڑھ کلو

### ترکیب تیاری

ایک مٹی کی ہانڈی میں نیچے گودہ گھیکوار آدھاڈال کر گودنتی رکھکر اوپر سے پھر باقی گودہ گھیکوار سے بھر دے بعد بند گلحکمت کر کے 20 کلو کی آگ دیں سفید براق کشتہ بر آمد ہو گا پیس کر رکھ لیں.

### خوراک

500ایم جی صبح شام



## فوائد

تمام بخاروں، معدہ کی گرمی، پیشاب کی جلن، جریان، سیلان الرحم، صفراوی امراض، ضعف باہ، کیلئے لاجواب چیز ہے.

## نوٹ

اسی طرح برگ ببول، برگ نیم، گلوے کے نغدہ میں بھی زبردست تیار ہوتا ہے

**حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا**

## کشتہ ہڑتال گودنتی

گودنتی ایک پاؤ

پیپل کی چھال ایک کلو

## ترکیب تیاری



گودنتی کو پیپل کی چھال کے نغدہ میں رکھکر بند گلحکمت کر کے سات دفعہ آگ دیں شاندار کشتہ بر آمد ہو گا جو کہ تپ دق کیلئے تریاق ہو گا.

## خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک مرض کے مطابق ہمراہ مناسب بدرقہ.

## فوائد

بخار ہر قسم، ملیریا، انفلوئنزا، سر درد، نزلہ زکام، کھانسی، وغیرہ کیلئے زبردست ہے.

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## کشتہ گودنتی

گودنتی ایک پاؤ



پیاز ایک پاؤ

## ترکیب تیاری

گودنتی کو پیاز کے نغدہ میں رکھکر بند گلحمت کر کے 15 کلو کی آگ دیں کشتہ برآمد

ہوگا پیس کر رکھ لیں.

## خوراک

ایک چاول

## فوائد

صفراوی بخار کیلئے ہمراہ شربت بنفشہ

بلغمی بخار کیلئے منقہ میں رکھکر

دموی بخار میں ہمراہ شربت عناب

سوداوی بخار میں شربت گاوٗزبان سے

تپ پرسوت میں ہمراہ خمیرہ گاوٗزبان سے دیں.

**حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا**

# کشتہ گئودنتی برائے امساک احتلام جریان بخار میں

اکسیر اعظم ہے

گئودنتی 1 پاو. برگ بھنگ 1 کلو کو نغدہ کرے درمیان گئودنتی دیکر 20 سیر اوپلوں کی آگ دیں. جو بھی نکلے نغدہ سمت کھرل میں ڈالکر باریک کریں اور آب بھنگ آدھا کلو سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں نغدہ بھنگ آدھا کلو میں دیکر 20 سیر کی آگ دیں. سرد ہونے پر ٹکیہ نکل لیں. اس ٹکیہ کو ایک پاو آب بھنگ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر 1 من کی آگ دیں دوا تیار ہے

کھرل کر کے محفوظ رکھیں

## خوراک

1 رتی سے 3 رتی تک ہمراہ دودھ مکھن وغیرہ مسلسل 21 روز دیں

**عبدالحسیب احسن فاصل طب والجراحت**

# کشتہ گئودنتی در شیر مدار

برائے بلغم بخار نزلہ زکام کیرا وغیرہ

گئودنتی 100 گرام. شیر مدار 250 گرام کھرل و قرص بناکر گلحکمت کر کے خشک ہونے پر 12 سیر کی آگ دیں. کشتہ ہو گا.

4 رتی ہمراہ بدرقہ مناسب

**عبدالحسیب احسن فاضل طب والجراحت**

# تھیلی سیمیاء

تھیلی سیمیاء کے بچوں کے لیے تحفہ خاص، خلوص نیت سے دے رہاھوں اگر خود نہ : بنا سکیں تو کسی مقامی نیک نیت اور محنتی ایماندار حکیم سے تیار کروالیں. تھیلی سیمیاء کا بہترین علاج ھے.

تلی کی سوجن ختم کرتا ھے.

کمزوری جگر دور کرتا ھے

خون کی کمی دور کرتا ھے.

خون کے سفید زرات کی کمی دور کرتا ھے. نیا خون پیدا کرتا ھے.

اعتماد کے ساتھ بنا کر استعمال کریں. اور میرے لیے ہاتھ اٹھا کر دعا کر دیا کریں.

## نسخہ

انار دانہ 120 گرام

میوہ سندر خانی لمبی والی 120 گرام

پتری فولاد 24 گرام

چینی 1 کلو

## طریقہ تیاری

میوہ اور انار دانہ پانی 2 کلو میں ڈال کر خوب پکائیں جب گل جائے تو مل چھان کر فولاد پتری اور چینی ڈال کر شربت بنائیں

بچوں کیلیے آدھا چمچ 3 ٹائم دیں. غذا میں دودھ. دلیہ. کھچڑی دیں

ساتھ

گئودنتی 5 تولہ تربوز میں ڈال کر کپڑوٹی کر کے آگ 30 کلو دیں بعد نکال کر

1 رتی خوراک 2 ٹائم ھمراہ شربت بزوری یا چاولوں کی پیچھ کے ساتھ دیں

2 ہفتے تک دیں

2 ہفتہ بعد

سفیدی انڈہ دیسی پانی میں پھینٹ کر چھلکا اسبغول 1 چوٹکی ملا کر دیں 3 ٹائم اور

ساتھ صبح کشتہ گئودنتی تربوز والا 1 رتی ھمراہ دہی کی لسی کے ساتھ. شام کو شربت

بزوری کے ساتھ 2 ہفتے دیں

2 ھفتہ بعد

چونا ان بجھ 120 گرام

پانی 500 گرام میں ڈال کر رکھ دیں 2 دن روز ھلاییں بعد مقطر لیکر

کلیجی بکرا120 گرام

قیمہ بنا کر چونے والے پانی میں ڈال کر بالکل ھلکی آگ پر پکائیں خشک ھو تو سوڈا منٹ (IPI گولیاں)

24 گرام باریک ڈال کر پاوڈر بنا کر باریک کر کے 2 رتی خوراک پانی کے ساتھ دیں ساتھ

نوشادر. قلمی شورہ. ریوند خطائی برابر وزن باریک کر کے 1 رتی پانی میں حل کر کے 3 ٹائم دیں.

یہ قسط 1 ھے اس مرض کیلیے اور بھی نسخے ھیں وہ پھر کبھی سہی

**حکیم جی المعروف پنجابی حکیم**



## کشتہ گاؤدنتی ھاضم



ایک پاؤ گودنتی کو تین تین تولے کے ٹکڑے بناکر ایک کوزہ گلی روغنی میں آدھا کلو ادرک مثلِ مکھن مسحوق شدہ رکھ کر اوپر گاؤدنتی کے ٹکڑے رکھیں اوپر اوپر آدھا کلو ادرک مسحوق شدہ ادرک رکھ کر گلحکمت کر کے خشک کر کے بیس کلو کی محفوظ الھوا آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پہ نکال کر ایک کلو پودینہ سبز کے نغدے میں بیس کلو کی آگ دیں پھر ایک آگ اور دیں ایک کلو سبز پودینے کی نغدے میں کلُ تین آگ میں لاجواب ہاضم کشتہ تیار.

## مقدار خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک مناسب بدرقات سے دیں.

## فوائد

یہ کشتہ معدے کی تمام عضلاتی امرض وعلامات کے لیئے فوری اثر اور اکسیر ہے.

معدے کی جلن. ایچ پائیلوری. بندشِ جوع. سوءِ ہضم. متلی قے. سفری قے. دردِ معدہ کھٹی ڈکار. بخرُ الفم. قلاعُ الفم بوجہ تبخیرِ معدہ. گیس ٹربل اور گیس کی وجہ سے

لاحق سر درد کے لیئے مجرب و معمولِ مطب نسخہ ہے بنائیں اور مجھ ناچیز و کم علم کو

دعاؤں میں یاد رکھیں.

## حکیم جمیل احمد پیر سباقی

## کشتہ گاؤ دنتی

کشتہ گاؤ دنتی بھینکرا اڑوسہ برگ بانسہ کے تازہ پتے پھول آدہ کلوا چھی طرح کوٹ کر کجھی میں ڈال کر درمیان ایک پاؤ گاؤ دنتی صاف ڈلیاں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس کلو اُپلوں کی آگ دیں پھر گاؤ دنتی نکال کر بریک کر لیں احتلام جریان جو ٹھیک ناں ہو

## مقدار خوراک

دو رتی مکھن میں رکھ کر صبح نہار منہ کھائیں اور دودھ پی لیں صرف سات روز تک استعمال کریں سردی کا لگ جانا پسلی کے درد میں شہد میں ملا کر نیم گرم دودھ سے کھائیں بخار میں صبح شام دودھ سے استعمال کریں ان شاء اللہ مکمل آرام ہو جائے گا

شاہد محمود کیانی

# کشتہ ہڑتال گاؤدنتی


## ھوالشافی

ثمر جوز ماثل=1 کلو

گاؤدنتی=200 گرام

دھتورہ کے پھل کوٹ کر نگدہ بنا کر ایک ہنڈیا میں ڈال کر درمیان میں گاؤدنتی کے ٹکڑے رکھ کر گلحمت کر کے 30 سیر اوپلوں کی آگ دیں ہڑتال سفید براق کشتہ ملے گی پیس کر رکھ لیں

## خوراک



2 تا 3 رتی پانی سے دیں

## فوائد



کونین سے بڑھ کر مفید ھے

کنزالفردات کانسخہ ھے یہ

سید اعجاز حسین گیلانی

# کشتہ گاؤدنتی

## ھوالشافی

کشتہ گاؤدنتی دوستو ہر حکیم اپنے اپنے طریقے سے گاؤدنتی کشتہ کرتے ہیں میں یہاں داداجی حضور کی دوترکیبیں دوستو کی نظر کرتا ہوں نمبر 1 گاؤدنتی ایک کلو کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر اس میں دو کلو آب نیم جزب کریں پھر ایک کلو آب گلو سبز جذب کریں چولہے کی آگ ہلکی رکھنی ہے اب گاؤدنتی کو دردھرا کر کے اسکوروغنی کجے میں ڈال کر شیر مدار اتناڈالیں کہ گاؤدنتی کے اوپر آجائے گل حکمت کر کے تیس کلو اپلوں کی آگ دیں اپلے توڑ کر لگائیں آہستہ جلیں گے ٹھنڈا ہونے پر نکال کے محفوظ کرلیں ہر قسم کے بخار میں دوچاول قند سیاہ میں بلغمی کھانسی میں ملٹھی کے قہوہ سے

پھوڑے پھنسی خرابی خون میں شربت حنظل یاشربت دھماسہ, نمبر 2 گاؤدنتی آدھ کلو لونگ ایک پاؤ کو کنار تازہ بمعہ پوداو کلو کو کنار کا آدھا نگدا رو غنی کجے میں نیچے اوپر آدھے لونگ اوپر گاؤدنتی اوپر لونگ اوپر باقی نغدا گل حکمت کر کے بیس کلو بھیڑ بکری کی میگنی کی آگ ٹھنڈا ہونے پہ نکال لیں اب عقر قرحا کا پوڈر 50 گرام تخم ہرمل مدبر در شیر مدار 30 گرام گاؤدنتی مزکورہ 50 گرام خوراک 00 کیپسول

## پرہیز

نمکین اور کھٹی چیزوں سے

**حکیم راشد**

## ہڑتال گیٔودنتی

غریبوں طلاء، یعنی سونا۔ بے شمار استعمال ہیں۔ اسکی سب سے عمدہ بات کہ جس چیز میں تیار کرو اسکا جوہر بن جاتی۔

خواتین میں لیکوریا ایسے ہی ہے جیسے مردوں میں جریان۔

گئو دنتی کہ عمدہ طویل وعریض ٹکرے جن کی سطح چمکدار ہو 250 گرام لیں۔اسکو 1 کلو کنگھی بوٹی کے نغدہ میں بند کر کے اس پر گل حکمت کریں۔ہانڈی نہیں نغدہ کو گل حکمت کرنا ہے۔

خشک ہونے پر 12 سیر اپلوں کی ہوا بند آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور پوڈر کر لیں۔ 1 دم سفید براق کشتہ ہو گا۔

اگر کنگھی بوٹی نہ ملے تو کیکر کی کچی پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہو۔

## مقدار خوراک

لیکوریا کے لیے 1 تا چار رتی خمیرہ گاوزبان میں۔ ساتھ میں مصبر 2 تولہ 1 چھٹانک اجوائن کھرل کر کے پانی کے ذریعہ برابر دانہ مٹر گولیاں بنا لیں اور رات کو سوتے وقت 1 گولی پانی کے ساتھ۔اس سے قبض نہیں ہو گی۔



کنگھی بوٹی میں سیماب ہوتا ہے جو کہ یہ اپنے اندر کر لیتی ہے۔مزید اپنے تجربہ کے ساتھ اور بھی مسائل جیسے جریان احتلام سرعت انزال رقت منی،پائیوریا وغیرہ میں استعمال کرسکتے۔چوٹ کی صورت میں چوٹ پر اسکو چھڑک کر کپڑا باندھ لیں۔

پائیوریا کے لیے 1 تولہ کشتہ 2ماشہ توتیا بریاں میں ملا کر منجن بنالیں۔

نیز ہر قسم کی کھانسی نزلہ بخار میں مجرب ہے

**حکیم جی المعروف پنجابی حکیم**

## کشتہ گودنتی

گودنتی 1/2کلو

تازہ سبز گلو 1/2کلو



اجوائن دیسی 1 پاؤ

برگ کرنجوہ 1/2کلو

گودنتی کے علاوہ سب اجزاء کو علیحدہ علیحدہ دردڑا کر لیں

بوری کا ٹکڑا2+2 کا لیں ان پر سب سے پہلے سبز گلو 1 پاؤ بچھادیں پھر 1/2 پاؤ

اجوائن بچھادیں اس کے بعد برگ کرنجوہ 1 پاؤ بچھادیں اب گودنتی رکھ کر باقی اجزاء

اسی ترتیب سے رکھ کر باندھ دیں اچھی گلحکمت کر کے 30 کلو کی آگ دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اچھی طرح پیس لیں

کشتہ گودنتی تیار ھے

## مقدار خوراک

1/2 ماشہ مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرائیں

ہمہ قسم کے بخاروں کا زبردست علاج ھے

## حکیم محمد عتیق الرحمان کوٹ اسلام خانیوال



## کشتہ گئودنتی



250 گرام گئودنتی

500 گرام پھول سونف کا نغدہ بنا کر درمیان میں گئودنتی رکھ کر بند گل کر کے

20 کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ ہو گا اس کو پیش کر محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

ایک رتی ہمراہ عرق سونف یا اجوائن سے دیں

ہمہ قسم بخاروں کے لیے مفید ہے

**عبدالکریم آزاد**

## کشتہ گئودنتی

250 گرام گلو خشک

250 گرام اجوائن دیسی

2 لیٹر سادہ پانی میں



دونوں کورات بھر بھگودیں صبح اس پانی کو آگ پر پکائیں جب نصف پانی بچے اتار لیں

اس پانی کو پن چھانکر دوبارہ آگ پر پکائیں جب نصف پانی بچے اتار لیں

250 گرام گئودنتی لیکر اس پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے بند گل

کریں

10 کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں گئودنتی کا کشتہ ہو گا اس کو پیس کر

محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

نصف سے ایک رتی ہمراہ عرق سونف یا گڑ کے شربت سے دیں

ہمہ قسم بخاروں کے لیے اکسیر ہے

عبدالکریم آزاد

## کشتہ گئودنتی سم الفار مرکب

100 گرام نمک پھٹکنڈا لیکر اس کو ایک گلاس سادہ پانی میں حل کریں

## ترکیب تیاری

10 گرام سم الفار سفید

کسی اسٹیل کے برتن میں سم الفار رکھیں اس میں نمک والا پانی اتنا شامل کریں کہ سم الفار ڈوب جائے اب اس کو ہلکی آگ پر پکائیں جب نمک والا پانی کم ہو تو جدید نمک والا پانی شامل کریں اس طرح تمام نمک پھٹکنڈ والا پانی ختم کریں اس پانی میں کچھ ہی دیر بعد سم الفار حل ہو جائے گا پھر ہلکی آگ پر تمام پانی خشک کریں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو اس خشک شدہ مواد کو رات بھر باہر ہوا میں رکھ دیں صبح اس میں سے جو تیل نکلے اس کو محفوظ کریں اس میں سے

10 گرام تیل حاصل کر کے

اس ہوائی تیل میں سے

10 گرام گؤد نتی کو چند قطروں سے کھرل کر کے گول ٹکیہ بنا کر مٹی کے توے پر 15 سے 20 منٹ آگ پر رکھیں اس کے اوپر کپ یا پیالہ دیں

15 سے 20 منٹ بعد نکالیں دوبارہ سم الفار کے تیل سے کھرل کریں آگ پر رکھیں

اس طرح تمام تیل سم الفار جذب کرائیں

کشتہ مرکب تیار ہے اس کو پیس کر محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

دو چاول سے چار چاول ہمراہ مکھن دودھ گھی سے دیں

## فوائد

قوت باہ

دمہ

نزلہ زکام

بلغمی کھانسی

قوت باہ کے لیے مکھن سے دیں

دمہ زکام نزلہ کے لیے شہد سے دیں

## نوٹ

باقی نمک پھٹکنڈا کو محفوظ رکھیں یہ نمک اب دمہ الرجی کھانسی بلغم نزلہ زکام کیرا کے لیے بھی مفید ہے

عبدالکریم آزاد

## کشتہ ہڑتال گودنتی

اکسیر ملیریا

حسب ضرورت ہڑتال کی ڈلی کو شہد میں ڈبو کر نکال دیں اب سوتی کپڑے کی پٹیاں لیں جو ڈلی کو دو مرتبہ ڈھانپ سکیں۔

اب ان کپڑے کی پٹیوں کو شہد میں مل کر ڈلی کے اوپر لپیٹ دیں۔

اب ایک سیر کوئی لے سلگا کر ان کے بیچ یہ ہڑتال والا گلولہ رکھ دیں صبح کو آرام سے نکال کر صاف کر کے پیس کر رکھ دیں۔

## مقدار خوراک

تین رتی تا چار رتی کے اوپر امرت دھارا کے دو قطرے ڈال کر ہلکا تشویہ دیکر کالی چائے سے دیں تین تین خوراک کافی ہیں۔

## کشتہ گئودنتی

ہڑتال ورقیہ عمدہ۔ 1 تولہ

1 کلو نمک لاہوری دیسی آیوڈین سے پاک پسا ہوا

کڑھائی موٹی دھات کی۔

آدھا نمک کڑھائی میں ڈال کر ہرتال کی سالم ڈلی نمک میں رکھیں اور باقی نمک ڈلی کے اوپر ڈال دیں اور چولہے کی تیز آگ دیں کاغذ کا ٹکڑا نمک پر رکھیں جب کاغذ کو آگ لگ جائے تو چولہا بند کر دیں۔

نمک ٹھنڈا سرد ہونے پر احتیاط سے نمک ہٹائیں یاقوتی رنگ کی ڈلی برامد ہو گی نہایت احتیاط سے اسے حاصل کریں۔

پختہ نہ گھسنے والے کھرل م میں 4 گھنٹے صلاحیہ کریں۔اور شیشے کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

21دن ریت میں دفن کریں اور پھر استعمال کریں۔

## خوراک

ایک چال مکھن یا شیر پختہ سے حاصل کردہ ملائی میں لپیٹ کر نشتہ کے بعد کھلائیں۔

ناشتہ دیسی گھی کی چوری اور گرم دودھ۔

## فوائد

سرد بلغمی امراض میں مفید ہے۔

بادی مزاج میں مفید ہے۔

قوت باہ کے لئے بہتریں ہے

ضروری تاکید یہ ہے کہ قوت باہ کے لئے کشتہ جات استعمال کرنے سے پہلے اصلاح معدہ و جگر کریں۔پھر انہیں کھانے سے سو فیصد نتیجہ بر آمد ہوتا ہے۔

قوت باہ کے لئے کشتہ ناشتے کے بعد ہی استعمال کیا جائے اور کھٹی غذاء سے سخت پرہیز رکھیں اور غذاء مقوی کھائیں۔

## حکیم سلطانی

## کشتہ گاؤدنتی

صفراوی ودموی وبلغمی بخار پرسوت میں چار رتی همراه شربت نیلوفریا شربت عناب کے ساتھ دیں

گاؤدنتی بارہ گرام نغدہ پیاز بیس گرام کے درمیان رکھ کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ برآمد ہوگا

## کشتہ گاؤدنتی

جو خون حیض اور بواسیر خونی کو فوری روکتا ہے ایک کلو جڑ انجبار کو موٹا موٹا کوٹ کر چار کلو پانی میں رات کو بھگودیں صبح پانی پکالیں جب پانی آدہ کلو رہجائے چھان کر اس

پانی میں ایک پاؤ گاؤ دنتی کھرل کریں ٹکیاں بناخشک کر کے کجھی میں گل حکمت کر کے دس کلو اُپلوں کی آگ دیں پھر گاؤ دنتی نکال کر بریک کوٹ چھان لیں

چار رتی خوراک شربت انجبار سے دیں صبح شام ایک دن میں ہی خون بند ہو جائے گا

مگر دو تین دن تک استعمال کریں

## شاہد محمود کیانی

## کشتہ گاودنتی

گودنتی ادھا کلو (ٹکرے)

برگ نیم پاو

برگ مدار پاو

برگ اسگند پاو

گلو برگ پاو





تمام برگ کا نغدہ

درمیان مین گودنتی گل حکمت دس سے بارہ کلو کی اگ

## مقدار خوراک

ایک رتی سے چار رتی مناسب بدرقہ

احتلام. جریان. لیکوریا. بخار.

نزلہ زکام وغیرہ

حکیم قاضی محمد نعیم صادق عطاری

## کشتہ گاؤدنتی العروف سفوف الدم

## ھوالشافی



گاؤدنتی عمدہ چمکدار

سنگ جراحت ہر ایک 50 گرام

دونوں کو کوٹ کر کھرل میں ڈال کر اچھی طرح کھرل کر کے یکجان کر لیں اب اس میں بھتل بوٹی سرخ یا زرد دودھ والی کا شیرہ دگنی مقدار میں کھرل کریں یہاں تک کہ تمام شیرہ خشک ہو جائے اب اس کی ٹکیہ بنا کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 10 سیر اپلوں کو آگ دیں سرد ہونے پر پیس لیں پھر 2 دن برگ نیم کے پانی میں کھرل کر کے بدستور 10 سیر اپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کھرل کر کے محفوظ کر لیں

## خوراک

4 رتی تا 1 ماشہ ہمراہ مکھن یا شربت انجبار سے کھلائیں

## فوائد

ہر قسم کے خون کو 3 دن میں بلکل بند کر دینے والی اکسیر ہے

بواسیر، خونی دست، خونی قے، حلق سے خون آنا، کثرت حیض یا دوران حمل یا جسم کے کسی حصہ سے خون آتا ہو بفضلہ فی الفور بند ہو جاتا ہے

سید اعجاز حسین گیلانی

# کشتہ گاؤدنتی مصفی خون

## ھوالشّافی

ایک کلو شاہترہ تازہ لیکر کوٹ کر مثلِ مکھن نرم بنائیں اور ایک روغنی ہانڈی میں آدھا کلو بچھا کر اوپر ایک پاؤ گاؤدنتی کے ٹکڑے تین تین تولے کے رکھیں اسکے اوپر باقی شاہترہ رکھ کر گلحکمت کر کے بیس کلو کی محفوظ الہوا آگ دیں اسیطرح دو آگ دیں یعنی دو کلو شاہترہ استعمال میں لائیں. تیسری آگ برگِ نیم دو کلو کے نغدے میں تیس کلو کی ایک آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پہ نکال کر صاف کر کے دو گھنٹے مسلسل کھرل کریں اور محفوظ رکھیں.

## ترکیب و مقدار خوراک

ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ شربتِ عناب یا درج ذیل مرکب کی صورت میں استعمال کروائیں.

## مرکب

عشبہ مسفوف تین تولہ.

کٹکی مسفوف تین تولہ.

کالی زیری مسفوف تین تولہ.

پوست بندق تین تولہ.

گندھک آملہ سار چھ تولہ.

کشتہ گاؤدنتی مصفی خون دو تولہ.

اس مرکب سے پانچسو ملی گرام کیپسول بھر کر صبح دوپہر شام ایک سے دو کیپسول مرض و مریض کی کنڈیشن کو مد نظر رکھ کر استعمال کروائیں.

## فوائد


بے حد مصفی خون ہے. داغ دھبے کیل مہاسے چھائیاں. پھوڑے پھنسیاں. خارش. بغلوں پاؤں اور پسینے کی بدبو دور کرنے کے لیئے لاجواب اکسیری نسخہ ہے. خراب سے

خراب زخموں کو ٹھیک کرتا ہے. جو زخم خشک ہونے کا نام نہ لے اسپر صرف کشتہ مذکورہ چھڑک دیں اور پھر تماشہ دیکھیں. طبی اینٹی بائیوٹیک ہے. بخاروں پہ بھی بہترین نتائج کا حامل پایا ہے.

## حکیم جمیل احمد پیر سباق

## کشتہ گاؤدنتی ہاضم

ایک پاؤ گودنتی کو تین تین تولے کے ٹکڑے بنا کر ایک کوزہ گلی روغنی میں آدھا کلو ادرک مثلِ مکھن مسحوق شدہ رکھ کر اوپر گاؤدنتی کے ٹکڑے رکھیں اوپر اوپر آدھا کلو ادرک مسحوق شدہ ادرک رکھ کر گلحمت کر کے خشک کر کے بیس کلو کی محفوظ الھوا آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پہ نکال کر ایک کلو پودینہ سبز کے نغدے میں بیس کلو کی آگ دیں پھر ایک آگ اور دیں ایک کلو سبز پودینے کی نغدے میں کل تین آگ میں لاجواب ہاضم کشتہ تیار.



## مقدار خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک مناسب بدرقات سے دیں.

## فوائد

یہ کشتہ معدے کی تمام عضلاتی امرض وعلامات کے لیئے فوری اثر اور اکسیر ہے.

معدے کی جلن. ایچ پائیلوری. بندشِ جوع. سوءِ ہضم. متلی قے. سفری قے. دردِ معدہ کھٹی ڈکار. بخرُ الفم. قلاعُ الفم بوجہ تبخیرِ معدہ. گیس ٹربل اور گیس کی وجہ سے لاحق سر درد کے لیئے مجرب و معمولِ مطب نسخہ ہے بنائیں اور مجھ ناچیز و کم علم کو دعاؤں میں یاد رکھیں.

**حکیم جمیل احمد پیر سباقی**

# کشتہ گاؤ دنتی

## ھوالشافی

## اجزاء

گاؤ دنتی 1 کلو



نمک 1 کلو

پانی حسب ضرورت جس میں گاود نتی ڈوب جائے

## ترکیب

نمک کو پانی میں حل کریں اور گاؤد نتی کے پاؤ پاؤ کے 4 ٹکڑے کر کے اس میں رکھ دیں اور ایک مہینہ پڑی رہے اب اس کو نکال کر 10 کلو کی آگ دے دیں یارات کو چولہے میں بچے کوئلوں میں رکھ دیں اوپر سے دو چار لکڑیاں یا دو کلو اپلے رکھ دیں صبح ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں بہترین کشتہ ملے گی

## مقدار خوراک

500 ملی گرام دودھ پتی کے ساتھ

## فوائد

بخاروں۔ دردوں کیلئے لاجواب ہے

## گاؤد نتی انڈوں کے ذائقہ میں

## ہوالشافی

## اجزاء

گاؤدنتی 1 پاؤ

نیم کی کچی ڈوڈیوں کا پانی 1 لیٹر

نیم کے پتے 4 کلو

## ترکیب تیاری

نیم کے پانی میں گاؤدنتی کو کھرل کریں تمام پانی (دودھ) خشک ہونے پر کسی روغنی ہانڈی میں 2 کلو پتوں کو نیچے رکھیں اور دو کلو اوپر درمیان میں دنتی رکھ کے ایک من اوپلوں کی اوپر نیچے رکھ کے آگ دے دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں بہترین کشتہ ہو گی منہ میں رکھیں گے تو محسوس ہو گا جیسے ابلے ہوئے انڈے کھا رہے ہوں۔۔۔

## مقدار خوراک

ایک چٹکی مریض کی صحت عمر کے حساب سے دودھ پتی سے کھلا دیں

## فوائد

پاگل پن۔ جنون۔ دھات۔ جریان۔ احتلام۔ سستی کمزوری کیلیئے لاجواب اور زبردست اینٹی بائیوٹک ہے قوت مدافعت کو منٹوں میں بحال کرتا ہے

## حکیم استاد سنیاسی سعود طور صاحب

## کشتہ گئود نتی

گئود نتی. 1کلو

پھٹکڑی سفید. 1کلو

سملفار. 1تولہ

دونوں کے درمیان سملفار رکھ کر تیس کلو کہ آگ دیں. سفید براق رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا. سفوف کر کے محفوظ کر لیں.

## فوائد

بخار, نزلہ, زکام, دردوں اور تھکاوٹ کیلئے لاجواب دوا ہے.

## مقدار خوراک

1 چاول سے 2 چاول دودھ یا چائے یا مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں.

## مترجم خضر عباس

## کشتہ گئودنتی

گئودنتی کی پہچان یہ ہے کہ یہ گائے کے دانت کے رنگ جیسی ہوتی ہے.

گئودنتی. 2 کلو

گاجر صاف چھوٹے ٹکڑوں میں کٹی ہوئی. 7 کلو

گاجر کے درمیان رکھ کر 15 سیر اوپلوں کی آگ دیں. کشتہ تیار ہے سفوف کر کے رکھ لیں.

اگر کچی رہ جائے تو دوبارہ آگ دیں.

## مقدار خوراک

دو رتی سے پانچ رتی

## فوائد

خون کی کمی, ضعف قلب, ہاتھ پاوں کا سن ہونا, دل کے امراض میں زبردست ہے دل کو تقویت دیتی ہے.

کشتہ گاؤدنتی

## اجزاء

1/2 کلو گاؤدنتی، 2 کلو نخدہ گلو

## ترکیب تیاری

1/2 کلو گاؤدنتی کو گلو کے 2 کلو نخدہ میں رکھ کر 5 کلو کی آگ دیں۔ سفید گاؤدنتی برآمد ہو گی۔ اب اس میں برابر وزن یعنی 1/2 گلو کا پانی اور نصف وزن یعنی ایک پاؤ

اجوائن ڈال کو خوب کھرل کریں۔ پھر اسے 5 سے 7 کلو کی دوبارہ آگ دیں۔ آپ کا اکسیری کشتہ گاوٗدنتی تیار ہے۔

**فوائد**

ہر طرح کی بخاروں پر بہترین کام کرتا ہے۔



